# 2021

## URDU—GENERAL

## Paper : DSE–B–4

## (Ghalib)

## Full Marks:65

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1. درج ذیل سوالات میں سے کسی دس سوالوں کے مختصر جواب دیجئے۔ 2×10=20

(i) غالب کی ولادت کب اور کہاں ہوئی۔

(ii) غالب کے والد اور چچا کے نام بتائیے۔

(iii) غالب کی شادی کتنی عمر میں ہوئی تھی اور ان کی اہلیہ کا نام بتائیے۔

(iv) غالب کے دو ہم عصر شاعروں کے نام بتائیے۔

(v) غالب نے کلکتہ کا سفر کب کیا اور کیوں؟

(vi) غالب کے دیوان کا پہلا شعر تحریر کیجئے۔

(vii) غالب کے دو ممتاز شاگردوں کے نام بتائیے۔

(viii) غالب کے خطوط کے دو مجموعوں کے نام بتائیے۔

(ix) غالب کے کسی دو نثری تصانیف کے نام بتائیے۔

(x) غالب کے قصیدوں کی تعداد بتائیے۔ اور کسی ایک ممدوح کا نام تحریر کیجئے۔

(xi) آپ کے نصاب میں شامل غالب کے قصیدے کا پہلا شعر رقم کیجئے۔

(xii) ''یادگارِ غالب'' کس کی تصنیف ہے اور یہ کب لکھی گئی؟

(xiii) کسی دو ماہرِ غالبیات کے نام بتایئے۔

2. کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے۔ 10×3=30

(i) غالب کی حالات زندگی کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے عہد پر روشنی ڈالئے۔

(ii) غالب کی عشقیہ شاعری کا اجمالی جائزہ پیش کیجئے۔

(iii) غالب کو بحیثیت قصیدہ نگار پیش کیجئے۔

(iv) غالب کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(v) غالب کے سفرِ کلکتہ سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

3. کسی تین کی تشریح کیجئے۔ 5×3=15

(i) کاوے کاوے سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا

(ii) جان دی دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

(iii) قطع کیجئے نہ تعلق ہم سے
کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی

(iv) جناب چودھری صاحب کی یادآوری اور مہر گستری کا شکر بجالاتا ہوں، آپ کا خط مع قصیدہ ومثنوی پہنچا۔ مثنوی کو جداگانہ بہ طریقِ پم فلٹ پاکٹ بھیجتا ہوں اور یہ خط جداگانہ ارسال کرتا ہوں۔ لفافہ اس کا بھی آپ کے نام کا ہے۔

(v) اے میری جان! یہ وہ دلّی نہیں ہے۔ جس میں تم پیدا ہوئے۔ وہ دلّی نہیں ہے جس میں تم نے علم تحصیل کیا ہے۔ وہ دلّی نہیں ہے جس میں تم شعبان بیگ کی حویلی میں مجھ سے پڑھنے آتے تھے۔ وہ دلّی نہیں ہے جس میں سات برس کی عمر سے آتا جاتا ہوں۔